# Rupali Polyester Limited

241-242 Upper Mall Scheme, Anand Road, Lahore - 54000, Pakistan

UAN : +92 42 111-RUPALI (787-254)
Tel : +92 42 35713101 - 4
Fax : +92 42 35713095 - 6
E-mail : info@rupaligroup.com
Website: www.rupaligroup.com


RL/CA-PSX/190
04 October 2021

***Through PUCARS***

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
**Karachi**

Subject: **Notice of Annual General Meeting**

Dear Sir,

Draft Notice of Annual General Meeting (both in English and Urdu) is attached before publication.

Thanking you.

Yours Sincerely,

**S. Ghulam Shabbir Gilani**
**Company Secretary**

**Encl: a.a.**

# RUPALI POLYESTER LIMITED

## Notice of Annual General Meeting

Notice is hereby given that the Forty First Annual General Meeting of Rupali Polyester Limited ("the Company") will be held at Rupali House, 241-242 Upper Mall Scheme, Anand Road, Lahore on Wednesday, 27 October 2021 at 10:30 a.m. (through Zoom and with compliance of quorum requirement) to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1) To confirm the minutes of Fortieth Annual General Meeting of the Company held on 27 October 2020.
2) To receive, consider and adopt Annual Audited Financial Statements of the Company together with the Directors and Auditors Reports thereon for the year ended 30 June 2021.
3) To approve payment of final cash dividend @ 50% i.e. Rs.5.00 per share for the year ended 30 June 2021 as recommended by the Board of Directors in its 112th meeting held on 21 September 2021.
4) To elect eight (8) Directors of the Company as per the number fixed by the Board of Directors of the Company under Section 159(1) of the Companies Act, 2017 for a term of three (3) years commencing from 30 October 2021.

   The following are the names of retiring Directors, who are eligible for re-election:

   1. Mr. Nooruddin Feerasta
   2. Mr. Muhammad Rashid Zahir
   3. Mrs. Amyna Feerasta
   4. Mr. Shehzad Feerasta
   5. Mr. Zeeshan Feerasta
   6. Mr. Yaseen M. Sayani
   7. Mr. Sultan Ali Rajwany
   8. Mr. Abdul Hayee
5) To appoint Auditors of the Company and to fix their remuneration. The retiring Auditors M/s. Iqbal Yasir & Company, Chartered Accountants being eligible have offered themselves for reappointment.

**Special Business:**

6) (a) To approve transactions conducted with associated companies (related parties) for the year ended 30 June 2021 by passing with or without modification the following special resolution:

"RESOLVED THAT the following transactions conducted with associated companies (related parties) for the year ended 30 June 2021 be and are hereby ratified, approved and confirmed:

| Name | Description of Transaction | Amount in Rs. '000 | | |
|---|---|---|---|---|
| | | Purchase | Sale | Others |
| Rupafil Limited | Sale/purchase of goods and services | 665,920 | 71,180 | - |
| Rupali Nylon (Pvt.) Limited. | Purchase of goods and services | 2,647 | - | - |
| Spintex Limited | Sale/purchase of goods | 3,478 | 51 | - |
| Soneri Bank Limited | Profit on Bank deposits | - | - | 3,420 |

(b) To authorize Chief Executive Officer of the Company to approve transactions with Related Parties for the year ending 30 June 2022 by passing the following special resolution with or without modification:

"RESOLVED THAT the Chief Executive Officer of the Company be and is hereby authorized to approve the transactions to be conducted with Related Parties on case to case basis during the year ending 30 June 2022.

FURTHER RESOLVED THAT these transactions shall be placed before the shareholders in the next general meeting for their ratification/approval."

**Other Business:**

7) To transact such other ordinary business as may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

Lahore:
21 September 2021

**By order of the Board**
**S. Ghulam Shabbir Gilani**
**Company Secretary**

Notes:

1. **Share Transfer Books**

   Share transfer books of the Company will remain closed from 22 October 2021 to 27 October 2021 (both days inclusive). Transfers received at the registered office or Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A. Phase VII, Karachi-75500 before close of business on 21 October 2021 will be treated in time for the purpose of above entitlement to the transferees.

2. **Election of Directors**

   2.1 In accordance with Section 159 (1) of the Companies Act, 2017 ("the Act"), the Board of Directors of the Company in its meeting held on 21 September 2021 has fixed the number of Directors to be elected as eight (8) to be elected in the AGM. The retiring Directors are eligible to offer themselves for re-election.

   2.2 Any person who seeks to contest the election to the office of a director, whether the retiring director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company located at Rupali House, 241-242 Upper Mall Scheme, Anand Road, Lahore, not later than 14 days before the date of AGM:

   a. Notice of his / her intention to offer him / herself for the election to the Office of Director in terms of section 159(3) of the Act;
   b. Consent to act as Director in Form-28 under Section 167 of the Act, as prescribed under the Companies (General Provisions and Forms) Regulation, 2019;
   c. A detailed profile along with his/her office address as required under SRO 1196(1)/2019 dated 3 October 2019 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP);
   d. Declaration in respect of being compliant with the requirement of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2019 and the eligibility criteria, as set out in Section 153 of the Act. to act as director or an independent director of a listed company;
   e. A director must be holding qualification shares of the Company at the time of filing his / her consent to act as director. The aforesaid qualification shall not be applicable for instances mentioned in Section 153(I) of the Act;
   f. Attested copy of valid CNIC and NTN;
   g. Independent directors will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Act and he/she shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 and Guide Book on Corporate Governance and Frequently Asked Question dated 5 June 2020, accordingly the following additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an Independent Director:
      - In case of Independent Director, a declaration of independence in terms of requirements of Section 166(2) of the Act read with Regulation 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation, 2019;
      - Undertaking on non-judicial stamp paper that he / she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018;

   Minority shareholders are encouraged to participate to elect director if the criteria as specified in law is met.

   The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of said meeting, in term of section 159 (4). Further, the website of the Company will be updated with the required information.

3. **Zoom Link**

   In line with the guidelines of the Securities and Exchange Commission of Pakistan the Company will convene this AGM through

Zoom link while ensuring compliance with the quorum requirements and request to the Members to consolidate their attendance and voting at the AGM through proxies.

The special arrangement for attending the AGM through electronic means will be as under:

a) AGM will be held through Zoom application.
b) Shareholders/Proxyholders interested in attending the AGM through Zoom are hereby requested to get themselves registered with the Company Secretary office by sending an e-mail with subject: "Registration for AGM" at info@rupaligroup.com at least 48 hours before the AGM:

| Name of Shareholder | CNIC Number | Folio Number/ CDC Account No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Members will be registered, after verification as per the above requirement and will be provided a Zoom link by the Company via email provided by them.

The login facility will remain open from 10:00 a.m. till conclusion of the meeting.

The shareholders are also encouraged to send their comments/suggestions, related to the Agenda items of the Annual General Meeting on the above mentioned email address or WhatsApp/SMS on 0323-4123854 or 0300-4799881 by 25 October 2021 before close of business hours (5.00 pm).

4. **Proxy Holders**

A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his or her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time of holding the meeting.

**CDC Account Holders**

Accountholders/sub-accountholders holding book entry securities of the Company in Central Depository System (CDS) of Central Depository Company of Pakistan Limited (CDC) who wish to attend the Annual General Meeting are requested to please bring their original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport with a photocopy duly attested by their bankers alongwith participant's I.D. number and their account number in CDS for identification purposes.

In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee together with the original proxy form duly filled in must be received at the registered office of the Company not less than 48 hours before the time of holding the meeting. The nominees shall produce their original CNIC or original passport at the time of attending the meeting for identification purpose.

5. **Bank Mandate with International Bank Account Number (IBAN) for payment of Cash dividend**

Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, Securities & Exchange Commission of Pakistan has directed all listed companies to pay cash dividends only through electronic mode directly into the bank accounts of the shareholders. Therefore, please provide us your Bank Mandate details including International Bank Account Number (IBAN) alongwith a copy of valid CNIC at the earliest, if not already provided to:

1. your respective CDC Participant / CDC Investor Account Services (in case your shareholding is in book entry form) or
2. our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A. Phase VII, Karachi-75500 (in case your shareholding is in physical form).

6. **Withholding tax on dividend income for Non-Filers and payment of cash dividend through electronic mode**

The shareholders are hereby informed that pursuant to amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 through Finance Act, 2019, Income Tax will be deducted at source @ 15% for person appearing in ATL and @ 30% for person not appearing in ATL at the time of processing dividend (determined as per "Active Tax Payer List (ATL)" available on Federal Board of Revenue's website) from the dividend amount, if any.

**Joint Account Holders**

In case of joint account, each holder is to be treated individually as either a filer or non-filer and tax will be deducted on the basis of shareholding of each joint holder as may be notified by the shareholder, in writing as follows, to our Share Registrar. In case no such notification is received by us, equal deduction of tax will be made where proportionate holding is not available with us:

| Folio/CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholding | | Joint Shareholding | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) |

7. **Deposit of Physical Shares into CDC Account**

The SECP, through its letter No. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated 26 March 2021, has advised all listed companies to adhere to the provision of Section 72 of the Companies Act, 2017 (the "Act), which requires all companies to replace shares issued in physical form to book-entry form within four years of the promulgation of the Act.

In accordance with the requirement of Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act. The shareholder having physical shares may open CDC sub-account with any of the broker or investor account directly with CDC to place their physical shares into scrip-less form.

Notes related to some other agenda items i.e. Copy of CNIC, Circulation of Audited Financial Statement through email and CD/DVD/USB, E-Voting, Unclaimed dividend and shares, Consent for the Facility of video-link, Requirement of Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, Statement under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017 and Statement under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 have been despatched to the shareholders alongwith the notice of this meeting

# روپالی پولیسٹر لمیٹڈ

Rupali

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ روپالی پولیسٹر لمیٹڈ ("کمپنی") کا اکتالیسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز بدھ ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۱ء کو درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے صبح ۱۰:۳۰ بجے (بذریعہ ZOOM اور کورم کا لحاظ رکھتے ہوئے) روپالی ہاؤس، ۲۴۲-۲۴۱ اپر مال سکیم، آنند روڈ لاہور میں منعقد ہوگا۔

**عمومی امور:**

1۔ کمپنی کے چالیسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۰ء کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے پڑتال شدہ حسابات بمع ڈائریکٹر صاحبان اور محاسب کی رپورٹوں کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

3۔ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے ڈائریکٹر صاحبان کی شفارش کے مطابق حتمی منافع منقسمہ بحساب ۵۰ فیصد یعنی ۵ روپے فی حصہ کی ادائیگی کی منظوری۔

4۔ کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کی دفعہ 159(1) کے مندرجات کے مطابق کمپنی کے آٹھ (۸) ڈائریکٹران کا اگلی تین سالہ مدت کے لئے انتخاب جو کہ ۳۰ اکتوبر ۲۰۲۱ء سے شروع ہوگی۔

سبکدوش ہونیوالے ڈائریکٹر صاحبان یہ ہیں۔ جو کہ دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں:

1۔ جناب نورالدین فیراستہ
2۔ جناب محمد رشید ظاہر
3۔ محترمہ امینہ فیراستہ
4۔ جناب شہزاد فیراستہ
5۔ جناب ذیشان فیراستہ
6۔ جناب یاسین ایم سیانی
7۔ جناب سلطان علی راجوانی
8۔ جناب عبدالحئی

5۔ کمپنی کے محاسب کا تقرر برائے سال ۲۲-۲۰۲۱ اور انکے معاوضہ کا تعین۔ ریٹائر ہونے والے محاسب میسرز اقبال یاسر اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے دوبارہ تقرری کے اہل ہونے کی بناء پر اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

**خصوصی امور:**

6۔ (اے): ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران منسلک کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) سے کئے گئے لین دین کی درج ذیل خصوصی قرارداد کے تحت منظوری:

"قرار پایا کہ ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران منسلک کمپنیوں (متعلقہ پارٹیوں) کے ساتھ کئے گئے درج ذیل لین دین کی منظوری دی جاتی ہے۔

| نام | لین دین کی تفصیل | رقم (000' روپوں میں) | | |
|---|---|---|---|---|
| | | خرید | فروخت | دیگر |
| روپافل لمیٹڈ | گڈز اور خدمات کی خرید و فروخت | 665,920 | 71,180 | - |
| روپالی نائیلون (پرائیوٹ) لمیٹڈ | گڈز اور خدمات کی خرید | 2,647 | - | - |
| سپنٹیکس لمیٹڈ | گڈز کی خرید و فروخت | 3,478 | 51 | - |
| سونیری بینک لمیٹڈ | بینک ڈپازٹ پر منافع | - | - | 3,420 |

(بی) ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیوں سے کئے جانے والے لین دین کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر کو درج ذیل خصوصی قرارداد کے تحت مختار بنانا:

"قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ۳۰ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دینے کے مختار ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ لین دین کی اِن تفصیلات کو حصص داران کے اگلے اجلاس میں برائے منظوری پیش کیا جائے گا"۔

**دیگر امور:**

7۔ چیئر مین صاحب کی اجازت سے اجلاس کے روبرو رکھے گئے ایسے کسی اور عمومی امور کی انجام دہی۔

لاہور

۲۱ ستمبر ۲۰۲۱ء

حسب الحکم بورڈ

ایس غلام شبیر گیلانی

کمپنی سیکریٹری

**نوٹ:**

1۔ حصص کی منتقلی کی کتب

کمپنی کے حصص کی کتب ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۱ء تا ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۱ء (بشمول ہر دو ایام) منافع منقسمہ کے استحقاق کیلئے بند رہیں گی۔ یہ منافع ان حصص داران کو ادا کیا جائے گا جن کے نام ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۱ء کو کمپنی کی ممبران کی کتاب میں درج ہوں گے۔ تبادلے جو ہمارے رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس کے دفتر پلاٹ نمبر C-۳۲، جامی کمرشل سٹریٹ نمبر ۲، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-۷۵۵۰۰ کو ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۱ء دفتری اوقات کے ختم ہونے سے قبل موصول شدہ اس منافع کے اہل ہوں گے۔

2۔ ڈائریکٹران کا انتخاب

2.1 کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹(۱) کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی میٹنگ منعقدہ ۲۱ ستمبر ۲۰۲۱ء میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کی تعداد آٹھ (۸) مقرر کی ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

2.2 جو صاحب ڈائریکٹر کے انتخاب کے لئے الیکشن میں حصّہ لینا چاہیں (وہ ریٹائیر ہونے والے ڈائریکٹر یا کوئی اور) اجلاس ہذا کے چودہ (۱۴) ایاّم کے اندر مندرجہ ذیل دستاویزات کمپنی سیکرٹری کے پاس کمپنی کے رجسٹرڈ آفس روپالی ہاؤس ۲۴۲-۲۴۱ اپر مال سکیم، آنند روڈ، لاہور میں جمع کروانے ہوں گی۔

ا۔ کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کے دفعہ ۱۵۹(۳) کے مندرجات کے تحت اپنے ارادہ کا اظہار۔

ب۔ کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۶۷ اور کمپنیوں کے (عمومی مندرجات اور فارموں) کے ضوابط ۲۰۱۸ء کے تحت مقرر کردہ فارم ۲۸۔

پ۔ ایس ای سی پی کے ایس آر او ۲۰۱۴/(۱)۶۳۴ مجریہ ۱۰ جولائی ۲۰۱۴ء کے تحت تفصیلی پروفائل بمعہ آفس کا پتہ۔

ت۔ لسٹڈ کمپنیوں کے (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط مجریہ ۲۰۱۹ء اور ایکٹ کی دفعہ ۱۵۳ کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی میں ڈائریکٹر یا آزاد ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کا ڈیکلیریشن۔

ث۔ کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۳(۱) کے تحت انتخاب کے لئے ارادہ کے وقت انکے نام پر کمپنی کے حصص کی تفصیل ۔مذکورہ حالات میں اہلیت کے حصص سے مشتثنی ہیں۔

ج۔ تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ یا نیشنل ٹیکس نمبر۔

ج۔ آزاد ڈائریکٹران کا انتخاب کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹ کے مطابق ہوگا اور وہ اس قانون کی دفعہ (۲)۱۶۶ اور کمپنیوں کے قانون برائے آزاد ڈائریکٹران کے طریقہ انتخاب مجریہ ۲۰۱۸ء کے تحت وضع کئے گئے معیار و شرائط پر پورا اترتے ہوں۔

3۔ زوم لنک

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کمپنی کا اجلاس بذریعہ زوم لنک ہوگا اور ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنی شمولیت بذریعہ پراکسی اور ووٹنگ کو یقینی بنائیں

بذریعہ زوم سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی خواہش رکھنے والے حصص داران/پراکسی ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کو info@rupaligroup.com پر ایک ای میل عنوان: "Registration for AGM" پر مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے اجلاس سے کم سے کم ۴۸ گھنٹے قبل خود کو رجسٹر کروائیں۔

| ممبر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

درج بالا معلومات کی تصدیق کے بعد ممبران کو رجسٹر کیا جائے گا اور انکے فراہم کردہ ای میل پر کمپنی کی طرف سے زوم لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت صبح ۱۰ بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

حصص داران سے التماس ہے کہ وہ اپنے تبصرے اور تجاویز جو کہ اجلاس کے متعلقہ ہوں مذکورہ ای میل یا واٹس ایپ 0323-4123854, 03004799881 پر ۲۵ اکتوبر ۲۰۲۱ کو شام ۵ بجے سے قبل ارسال کر دیں۔

۴۔ پراکسی ہولڈرز

اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر ووٹ اور شرکت کیلئے دیگر ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسیاں تا آنکہ مؤثر ہوسکیں۔ اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر لازماً وصول ہو جانی چاہیئں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز

سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) میں کمپنی کی سکیورٹیز بک انٹری کے حامل اکاؤنٹ ہولڈرز/سب اکاؤنٹ ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں سے درخواست ہے کہ شناختی مقاصد کیلئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ معہ نقل باقاعدہ اپنے بینکرز کی مصدقہ بمعہ پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر اور سی ڈی ایس میں اپنا اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں۔ بصورت دیگر کارپوریٹ اینٹیٹی، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ معہ نامزد کے مختصر دستخط معہ باقاعدہ پُر شدہ اصل پراکسی فارم اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر موصول ہو جانا چاہیئے۔ نامزد افراد کو شناختی مقاصد کیلئے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ مہیا کرنا ہونگے۔

۵۔ حصص داران کو منافع منقسمہ کی ادائیگی بذریعہ بینک اکاؤنٹ (IBAN)

حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیوں کے قانون ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۲۴۲ کے تحت نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف حصص داران کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جائے گی۔ لہٰذا تمام حصص داران سے گزارش ہے کہ اپنے بینک اکاؤنٹ بمعہ (IBAN) کی تفصیلات بمع بینک مینڈیٹ اور قومی شناختی کارڈ کی کاپی مندرجہ ذیل کو مہیّا کریں:

1۔ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی (حصص بک انٹری کی صورت میں)

2۔ ہمارے رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس کے دفتر C-۳۲ نمبر، جامی کمرشل سٹریٹ نمبر ۲، ڈی ایچ اے، فیز VI کراچی-۷۵۵۰۰ (حصص اگر کاغذی صورت میں ہیں)۔

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر حصص دار کو انفرادی طور پر فائلر یا نان فائلر سمجھا جائے گا اور ہر مشترکہ حصص دار کی فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر ٹیکس کاٹا جائیگا بصورت دیگر مساوی ٹیکس کی کٹوتی کی جائیگی۔

۶۔ منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ترسیل اور ٹیکس کٹوتی کی شرح

حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی دفعہ ۱۵۰ میں ترمیم کے مطابق فنانس ایکٹ ۲۰۱۹ کے ذریعہ جن حصص داران کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں موجود ہوں ان پر ٹیکس کی شرح ۱۵ فیصد اور جنکے نام اس فہرست میں موجود نہ ہوں ۳۰ فیصد کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی ہوگی۔

۷۔ کاغذی حصص کو سی ڈی سی میں جمع کروانا

ایس ای سی پی کے خط نمبر CSD/ED بتاریخ ۲۶ مارچ ۲۰۲۰ اور ایکٹ ۲۰۱۷ ک دفعہ ۷۲ کے تحت آگاہ کیا جاتا ہے کہ تمام جاری شدہ کاغذی حصص ایکٹ کی تاریخ کے چار سال کے اندر بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہیں۔

کمپنیوں کے قانون مجریہ ۲۰۱۷ کی دفعہ ۷۲ کے مطابق ہر کمپنی اپنے کاغذی حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی پابند ہوگی۔ کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ اور کمپنیوں کے قانون کے آغاز سے ۴ سال کے اندر حصص دار اپنے کاغذی حصص براہ راست سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ یا کسی بروکر کے پاس ذیلی اکاؤنٹ کھلوا کر اپنے کاغذی حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروا سکتے ہیں۔

نوٹس متعلقہ:

i) قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا۔ (ii) پڑتال شدہ حسابات بذریعہ ای میل ارسال کرنا۔ (iii) غیر دعوہ شدہ منافع منقسمہ۔ (iv) ای ووٹنگ۔ (v) ویڈیو لنک کی سہولت اور (vi) کمپنی کے قانون ۲۰۱۷ کی دفع (۳)۱۳۴ اور دفع (۳)۱۶۶ کے تحت ضروری وضاحتیں حصص داران کو اطلاعِ اجلاسِ عام کے ساتھ ارسال کر دی گئی ہیں۔